نیشنل ویمنز ٹی ٹوئنٹی: لاہور، کوئٹہ اور ملتان کی کامیابی

لاہور 22 جنوری، 2024ء

نیشنل ویمنز ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ میں پیر کے روز کھیلے گئے میچوں میں لاہور، کوئٹہ اور ملتان نے کامیابی حاصل کی۔

شعیب اختر کرکٹ اسٹیڈیم راولپنڈی میں لاہور نے کراچی کو 9 رنز سے شکست دیدی۔
لاہور نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 5 وکٹوں کے نقصان پر 149 رنز بنائے۔
بسمہ معروف نے چھ چوکوں کی مدد سے 54 رنز بنائے اور وہ ناٹ آوٹ رہیں۔ سدرہ امین نے سات چوکوں کی مدد سے 41 رنز اسکور کیے۔
کراچی کی ٹیم 6 وکٹوں کے نقصان پر 140 رنز بنانے میں کامیاب ہو سکی۔ عمیمہ سہیل نے چھ چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 46 رنز اسکور کیے۔
بسمہ معروف کو پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔

ایوب پارک گراؤنڈ راولپنڈی میں کوئٹہ نے پشاور کو 65 رنز سے ہرادیا۔
کوئٹہ نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 4 وکٹوں کے نقصان پر 165 رنز بنائے۔
دعاماجد نے 56 رنز اسکور کیے جس میں 8 چوکے شامل تھے۔ طوبیٰ حسن نے سات چوکوں کی مدد سے 46 رنز بنائے۔ فریحہ محمود نے 41 رنز کی اننگز کھیلی۔

پشاور کی ٹیم 7 وکٹوں پر 100 رنز بنا پائی۔ مومنہ ریاست 33 رنز بنا کر ٹاپ اسکورر رہیں۔ صائمہ ملک نے 9 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔ طوبیٰ حسن نے دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

طوبیٰ حسن پلیئر آف دی میچ قرار پائیں۔

ڈائمنڈ کرکٹ گراؤنڈ اسلام آباد میں ملتان نے راولپنڈی کو 7 وکٹوں سے ہرادیا۔

راولپنڈی کی ٹیم پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 110 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ عائمہ سلیم 27 رنز بنا کر ٹاپ اسکورر رہیں۔

نورالایمان نے 15 رنز دے کر 4 وکٹیں حاصل کیں۔

ملتان نے گل فیروزہ کے سات چوکوں کی مدد سے بنائے گئے 61 رنز ناٹ آؤٹ کی بدولت مطلوبہ اسکور تین وکٹوں پر پورا کرلیا۔

نورالایمان اور گل فیروزہ پلیئرز آف دی میچ قرار پائیں۔

-END-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial